سوال

(310)ساس سے نکاح بحر حال حرام ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کی نکاح خوانی ایک کنواری لڑکی سے ہوئی۔ نکاح کے چند دنوں بعد لڑکی بیمار ہوگئی۔ اور رسوم شادی کے بغیر غیر مدخولہ ہی فوت ہوگئی۔ یعنی ناکح سے ہم بستر ہونے سے پہلے ہی انتقال کرگئی اب اگر لڑکی کی ماں جو مذکورہ بیوہ ہے۔ زید موصوف کے ساتھ نکاح کرے۔ توازروئے قرآن وحدیث جائز ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زید کا اس کی منکوحہ غیر مدخولہ کی ماں سے نکاح جائز نہیں۔ ل قولہ تعالی وامہات نسائکم (یعنی تمہاری بیویوں کی مایئں تم پر حرام ہیں۔ (اہلحدیث 3/10دسمبر 1937ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص314

محدث فتویٰ